فوری ریلیز کے لیے: 2024/3/4 گورنر **KATHY HOCHUL**

***بارش کے باعث زیریں ریاست، مغربی NY اور جنوبی سلسلے میں سیلاب کے خطرے، پُرخطر سفر اور بجلی کی بندش کے پیش نظر گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک کے مکینوں کو محتاط رہنے کے لیے انتباہ***

***پیشنگوئی کے مطابق آج سے جمعرات کی صبح تک اضافی 2-3 انچ بارش متوقع***

***ساحلی علاقے بشمول سمندر سے متصل علاقوں، ساحلی کناروں اور دریاؤں، ندیوں، چشموں اور دیگر حساس علاقوں میں سیلاب کی توقع***

***بڑے پیمانے پر 25-35 MPH کی رفتار سے ہوا چلنے کی توقع، جبکہ 60 MPH تک کی رفتار سے چلنے والے جھکڑ بجلی کی بندش اور سفر کو خطرناک بنا سکتے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے نیو یارک کے مکینوں پر زور دیا ہے کہ وہ نقصان دہ موسم، خطرناک سفری حالات اور بجلی کی ممکنہ بندش کے لیے تیار رہیں کیونکہ ایک طویل وقت تک باقی رہنے والے طوفان سے ریاست کے متاثر ہونے کی پیشنگوئی کی گئی ہے، جس دوران مغربی نیو یارک، جنوبی سلسلے، مڈ ہڈسن کے علاقے، نیو یارک شہر اور لانگ آئی لینڈ میں جمعے کے دن وقفے وقفے سے بارش ہو گی۔

"ہم نے اس طوفانی سسٹم کی کڑی نگرانی کا عمل جاری رکھا ہوا ہے جس کے بارے میں توقع ہے کہ وہ ہماری ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارشوں اور طوفانی ہوائیں پیدا کرے گا، اور مجھے ابھی ابھی میری ہنگامی ردعمل کی ٹیم نے بریفنگ دی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نہایت اہم بات یہ ہے کہ نیو یارک کے مکین اپنی مقامی پیش گوئیوں پر نظر رکھیں او مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرتے رہیں کیونکہ موسم سفر کے لیے خطرناک صورتحال، سیلاب اور بجلی کی بندش کا باعث ہو سکتا ہے۔"

آج سے جمعرات کی صبح تک کے لیے 2-3 انچ کی اضافی بارش کی پیشنگوئی کی گئی ہے جس دوران آج شام اور اوائل شب میں نصف انچ فی گھنٹہ کی مقدار سے شدید بارش کے وقفوں کی توقع ہے۔ پانی سے متصل علاقوں اور ساحلوں بشمول سڑکوں، پارکنگ لاٹس، پارکس، لانز اور پانی سے متصل علاقوں کے نزدیک واقع ایسے گھر اور کاروباری ادارے جن میں تہہ خانے ہیں، وہ سیلاب کے خطرے سے دوچار ہیں۔ توقع ہے کہ سیلاب کے باعث پانی سے متصل علاقوں میں پانی گھس جائے گا جس میں ایسے ساحلی علاقے جہاں جوار بھاٹا آتا ہے، اس سمیت دریا، ندیاں، چشمے یا شہری، زیریں اور سیلاب کے خطرے سے دوچار دیگر علاقے شامل ہیں۔ متعدد سڑکوں کی بندش متوقع ہے اور پانی سے متصل حساس علاقوں میں کھڑی ہوئی گاڑیوں کے سیلاب میں بہہ جانے کا خطرہ ہے۔

زیریں ریاستی علاقوں میں 25 سے 35 mph کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی اور اس دوران 60 mph تک کی رفتار سے چلنے والے تباہ کن طوفانی جھکڑ درختوں اور بجلی کی لائنوں کو اڑا سکتے ہیں اور بڑے پیمانے پر بجلی کی بندش ممکن ہے۔ سفر بالخصوص اونچی گاڑیوں میں سفر مشکل ہو جائے گا، لہٰذا اگر آپ کو پھر بھی ڈرائیونگ کرنا پڑتی ہے تو احتیاط سے کام لیں۔

مغربی NY اور جنوبی سلسلے میں متوقع سیلاب کے لیے انتباہ جاری ہے جہاں برف گرنے یا پانی و برف کے ملے جلے مجموعے کی آمد سے قبل تین انچ تک بارش متوقع ہے۔ نیو یارک شہر اور لانگ آئی لینڈ کے علاقوں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ جنوبی ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں آج سہ پہر اور شام اور جمعرات کی صبح کے لیے، پانی سے متصل علاقوں میں جوار بھاٹے کے زور پکڑنے کے وقت حساس علاقوں میں تین فٹ تک سیلابی پانی جمع ہو جانے کے لیے انتباہات اور ایڈوائزریز جاری کی گئی ہیں۔ ہڈسن کے ساتھ موجود اورنج، پٹنیم، راکلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹیز میں بھی ساحلی علاقوں میں سیلاب کے خطرے کے پیش نظر فلڈ ایڈوائزری جاری کی گئی ہے اور جمعرات کی صبح تک مڈ ہڈسن، نیو یارک شہر اور لانگ آئی لینڈ کے علاقوں میں تیز ہواؤں کے لیے انتباہات جاری کیے گئے ہیں۔

نیو یارک کے مکینوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ[https://alert.ny.gov](https://alert.ny.gov) پر NY Alert کو سبسکرائب کرتے ہوئے ہنگامی انتباہات کے لیے سائن اپ کریں، یہ آپ کے سیل فون یا کمپیوٹر پر اہم ہنگامی معلومات فراہم کرنے کی ایک مفت سروس ہے۔ موسمی انتباہات اور پیشن گوئیوں کی مکمل فہرست کے لیے، قومی محکمۂ موسمیات کی سروس کی ویب سائٹ [https://alerts.weather.gov](https://alerts.weather.gov) ملاحظہ کریں۔

## <u>ایجنسی کی سرگرمیاں</u>

**ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات**
ڈویژن کے دفتر برائے ہنگامی انتظام (Division's Office of Emergency Management) کا عملہ اپنے مقامی ہم منصبوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور معاونت کی درخواستوں پر فوری کاروائی کرنے کے لیے تیار ہے۔ ریاستی ذخیرہ جات میں عملہ متعین ہے اور وہ حسب ضرورت ہنگامی ردعمل دینے کے اثاثہ جات اور سپلائیز کی ترسیل کے لیے تیار ہیں۔

**ریاست نیو یارک کا محکمۂ نقل و حرکت**
محکمۂ آمدورفت (Department of Transportation) حالات پر نگاہ رکھے ہوئے ہے اور 3,730 سپروائزرز اور آپریٹرز کے ذریعے کئی طرح کے نقصانات کی حامل اس صورتحال پر ردعمل دے رہا ہے۔ فیلڈ کا تمام عملہ مکمل طور پر شرکت کر کے امدادی کاروائیاں کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ عملے کو کسی بھی قسم کے درکار امدادی عملے کے ارکان کی صورت میں تشکیل دیا جا سکتا ہے، جن میں سیلابی امداد، ملبہ ہٹانا، نقل و حمل، تیز دباؤ سے نکاسی بحال کرنا، گرے ہوئے درختوں کو کاٹ کر راستہ کھولنا، ٹریفک کے اشارے چلانا، وغیرہ شامل ہیں۔ عملے نے آبی نکاسی کے ڈھانچہ جات کی جانچ اور انہیں خالی رکھنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے تاکہ یہ یقینی رہے کہ وہ کچرے اور رکاوٹوں سے پاک ہیں۔ ٹرکس ریاستی شاہراہوں پر گشت کریں گے اور عملہ ایسے ساحلی علاقوں پر نگاہ رکھے گا جو باآسانی سیلاب کی زد میں آ جاتے ہیں، یہ عمل بالخصوص بلند جوار بھاٹے کے وقت کیا جائے گا۔ اس صورتِ حال میں اور صفائی کی ترجیحی کارروائیوں کے دوران، متاثرہ رہائشی مقامات کے تمام رہائشی علاقوں میں آپریٹرز، سپروائزرز، اور مکینکس کے ساتھ عملہ 7/24 دستیاب رہے گا۔

ریاست بھر کے سازوسامان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں:

- 1,597 بڑے ڈمپ ٹرکس
- 340 بڑے لوڈرز
- 85 ٹریک اور پہیوں والے ایکسکیویٹرز
- 82 چپرز
- 34 واٹر پمپس
- 19 گریڈرز
- سیور جیٹ والے 13 ویکیوم ٹرکس
- 13 ٹری کریو بکٹ ٹرکس
- نالوں کی صفائی کے لیے 7 ٹریلر

حالات میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ، اضافی وسائل کی ضرورت کا دوبارہ جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

سفر کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، موٹر سوار 511 پر کال کریں یا https://www.511ny.org ملاحظہ کریں، جو ریاست نیو یارک کا ٹریفک اور سفری معلومات کا سرکاری ذریعہ ہے۔

**تھروِوے اتھارٹی**

تھروِوے کے 699 آپریٹرز اور سپروائزرز چھوٹے سے لے کر بڑے تک پلو/ڈمپ ٹرکس، درمیانے سائز کے ایکسکیویٹرز، بڑے لوڈرز، ویکیوم ٹرکس، پورٹ ایبل پمپس، زنجیری آریوں، جھاڑی تراشنے والے اوزار اور دیگر سازوسامان کے ساتھ ریاست بھر میں ہوا، سیلاب یا موسم سے متعلقہ کسی بھی مسئلے پر ردعمل دینے کے لیے تیار ہیں۔

تھروِوے پر گاڑیاں چلانے والوں اور ان میں سوار افراد کو سردیوں کے موسمی حالات سے آگاہ کرنے کے لیے قابلِ ترمیم پیغامات والے اشاروں اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ تھروِوے حکام موٹر سواروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اس کی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں، جو کہ iPhone اور Android ڈیوائسز کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ موٹر گاڑی چلانے والوں کو ٹریفک کی حقیقی معلومات، لائیو ٹریفک کیمروں، اور دوران سفر راستہ تلاش کرنے کی معاونت تک براہ راست رسائی فراہم کرتی ہے۔ موٹر سوار تھروِوے پر ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال کے لیے TRANSalert ای میلز کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں اور@ThruwayTraffic کو X پر فالو بھی کر سکتے ہیں۔

**محکمہ برائے عوامی خدمت**

ہفتے کے وسط میں موسمِ بہار میں آنے والی موسمی صورتِ حال کے نتیجے میں سامنے آنے والے مرمت و بحالی کے کاموں کے لیے، محکمہ برائے خدمت عامہ (Department of Public Service) کے زیرانتظام یوٹیلیٹی کمپنیز کے ریاست بھر میں تقریباً 7,200 کارکنان دستیاب ہیں۔ اس میں معاہدے کے تحت درج ذیل بیرونی فیلڈ وسائل بھی موجود ہیں جو کہ مرمت و بحالی کے ضمن میں کوششوں کے لیے پہلے سے دستیاب وسائل کے علاوہ یوٹیلیٹیز کی جانب سے حاصل کیے گئے ہیں:

- ایون گرڈ کی جانب سے 830 بیرونی کنٹریکٹ ورکرز حاصل کیے گئے ہیں (NYSEG/RG&E)
- نیشنل گرڈ کی جانب سے 500 بیرونی کنٹریکٹ ورکرز حاصل کیے گئے ہیں
- مرکزی ہڈسن کی جانب سے 50 بیرونی کنٹریکٹ ورکرز حاصل کیے گئے ہیں
- کون ایڈیسن اور اورنج اینڈ راکلینڈ کی جانب سے 300 بیرونی کنٹریکٹ ورکرز حاصل کیے گئے ہیں

ان سارے حالات کے دوران DPS کا عملہ یوٹیلیٹیز کے کام پر نظر رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یوٹیلیٹی کمپنیوں کی جانب سے سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں عملے کو موزوں طور پر منتقل کیا جائے۔ اگر آپ کی سروس میں خلل واقع ہوا ہے، تو تجاویز کے لیے DPS یوٹیلٹی سروس انٹرپشنز کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**نیویارک ریاستی پولیس**

ریاستی پولیس بھی اس طوفانی موسم کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے اور ضرورت کے مطابق متاثرہ علاقوں میں اضافی سپاہی تعینات کرے گی۔ ریاستی پولیس کی تمام فور وہیل ڈرائیو اور خصوصی گاڑیاں جن میں برف پر چلنے والی گاڑیاں، ایئر بوٹس، اور یوٹیلیٹی ٹیرین گاڑیاں بھی شامل ہیں، وہ بالکل تیار اور فوری طور پر دستیاب ہیں اور ان میں ضرورت کے مطابق فوری کاروائی کرنے والے ضروری آلات موجود ہیں۔ بجلی اور مواصلات سے متعلقہ تمام ہنگامی آلات ٹیسٹ کر لیے گئے ہیں اور وہ مناسب طریقے سے کام کر رہے ہیں۔

**ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ**

DEC کا ہنگامی انتظامات (DEC Emergency Management) کا عملہ، ماحولیاتی تحفظ کے پولیس افسران، فاریسٹ رینجرز، اور علاقائی عملہ چوکس ہے اور زیر نمو کیفیت اور موسم کی پیشنگوئیوں کی نگراہی کر رہا ہے۔ DEC وسائل کی تعیناتی کے لیے ایجنسی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کر رہا ہے اور شدید بارشوں، تیز ہواؤں اور

ساحلی علاقوں میں ممکنہ سیلاب کے پیش نظر، پانی میں فوری ریسکیو کی ٹیمز اور آرے کا کام کرنے والوں سمیت تمام تر دستیاب اثاثوں کو منتخب کردہ حصوں میں منتقل کر رہا ہے۔

**ریاستِ نیو یارک کا دفتر برائے پارکس، تفریح اور تحفظِ تاریخ**
نیو یارک اسٹ کی پارک پولیس اور پارک کا عملہ ہوشیار ہے اور موسمی صورتحالوں اور ان کے اثرات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ طوفان کے ردعمل میں استعمال کرنے کے لیے ردعمل والے آلات میں ایندھن ڈلوایا جا رہا ہے، جانچ کی جا رہی ہے اور تیار کیا جا رہا ہے۔ پارک کا رخ کرنے والے مہمان پارک کے اوقات، کھلنے اور بند ہونے کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے https://parks.ny.gov/ مفت، NY ریاست کے پارکس کی ایکسپلورر نامی موبائل ایپ کو دیکھ سکتے ہیں یا پھر پارک کے مقامی دفتر میں کال کر سکتے ہیں۔

**میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی**
تیز ہواؤں کی موجودہ پیشنگوئی کے سبب، MTA بریجز اینڈ ٹنلز نے خالی ٹریکٹر ٹریلز اور ٹینڈم ٹرکس کا اپنے سات پلوں پر داخلہ آج شب 10:00 بجے تک کے لیے ممنوع قرار دے دیا ہے۔ کراس بے ویٹرنز میموریل بریج اور میرین پارک وے-گل ہوجز میموریل بریج پر واقع پیدل گزرگاہیں بھی اسی مدت کے دوران بند رہیں گی۔

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کی جانب سے محفوظ، قابل اعتماد سروس کو یقینی بنانے کے لیے موسمی حالات کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ MTA ملازمین کے لیے لازم ہے کہ وہ سڑکوں پر گرنے والے درختوں کو ہٹانے سمیت موسم سے متعلقہ کسی بھی مسئلے پر ردعمل دیں۔ صارفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تازہ ترین سروس اپ ڈیٹس کے لیے https://new.mta.info چیک کریں، اور موسمی نظام سے متاثرہ علاقوں میں سفر کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ صارفین کو چاہیے کہ ٹیکسٹ یا ای میل کے ذریعے فوری سروس الرٹس کے لیے بھی سائن اپ کریں۔ یہ انتباہی اطلاعات MTA ایپ اور TrainTime ایپ کے ذریعے بھی دستیاب ہیں۔

**پورٹ اتھارٹی**
پورٹ اتھارٹی اپنی تمام سہولیات میں موسمی حالات پر نظر رکھتی ہے۔ شدید موسمی حالات کی صورت میں، یہ ایجنسی سہولت گاہ کے ای میل الرٹس کے ذریعے یا سماجی رابطوں کے ذرائع پر باقاعدہ سفری الرٹس اور ضرورت کے مطابق اپ ڈیٹ جاری کرتی ہے۔ پورٹ اتھارٹی کی سہولت گاہوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے براہِ کرم سوشل میڈیا ملاحظہ کریں، PA الرٹس کے لیے سائن اپ کریں یا PA موبائل ایپس میں سے کوئی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں، بشمول RidePATH کے، جو PATH کی سروس کے بارے میں حقیقی وقت میں اپ ڈیٹس اور الرٹس فراہم کرتی ہے۔

**<u>نیویارک کے شہریوں کے لیے شدید موسم سے محفوظ رہنے کی تجاویز</u>**
نیو یارک کے تمام مکینوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ شدید موسم سے کیسے آگاہ رہا جائے اور بروقت انتباہات حاصل کیسے جائیں جو انہیں یہ بتائیں کہ انہیں محفوظ رہنے کے لیے کیا کرنا ہے، بشمول انخلاء۔ بروقت موسمی انتباہات حاصل کرنے کا بہترین طریقہ NY-Alert کے لیے سائن اپ کرنا ہے، جو کہ ایک مفت سروس ہے جو موسم اور دیگر ایمرجنسی سے متعلق انتباہات فراہم کرتی ہے۔

خود کو اور اپنے عزیز و اقارب کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے درجِ ذیل اقدامات کریں:

- آفات کے لیے گھریلو منصوبہ تیار کریں اور جانیں کہ خاندان کے افراد سے ہمیشہ رابطہ کیسے کیا جائے۔ "ہنگامی خاندانی رابطہ" بننے کے لیے شہر سے باہر کے کسی دوست یا خاندان کے فرد کی شناخت کریں اور یقینی بنائیں کہ خاندان کے تمام افراد کے پاس رابطے کی معلومات ہیں۔
- ایک ہنگامی ملاقات کی جگہ متعین کریں - ایک مانوس جگہ جہاں رہائش تک رسائی نہ ہونے کی صورت میں خاندان مل سکتا ہے۔
- اپنے علاقے میں سمندری طوفانِ باد اور طوفان کے خطرات کو جانیں۔

- اگر آپ ساحلی علاقوں کے قریب رہتے ہیں، تو اپنے علاقے کی طوفانی لہروں کی تاریخ اور اپنے علاقے کے انتباہی اشارے اور انخلاء کے منصوبوں کے بارے میں جانیں، بشمول اندرونِ ملک محفوظ راستے اور سرکاری پناہ گاہوں کا محلِ وقوع۔
- جانیں کہ طوفان کے دوران پالتو جانوروں کو کہاں منتقل کرنا ہے - زیادہ تر پناہ گاہیں پالتو جانوروں کی اجازت نہیں دیں گی۔

درج ذیل سامان دسترس میں رکھیں:

- خراب نہ ہونے والی خوراک اور پانی کی رسد جو 10 دن کے لیے کافی ہو۔
- بیٹری سے چلنے والے ریڈیو اور فلیش لائٹس اور بیٹریوں کی کافی رسد۔
- ادویات کی فراہمی کے ساتھ ابتدائی طبی امداد۔
- اہم دستاویزات: انشورنس پالیسیاں، میڈیکل ریکارڈ، بینک اکاؤنٹ نمبر، سوشل سیکیورٹی کارڈ وغیرہ واٹر پروف کنٹینر میں رکھیں۔
- کیش، چیک بک، کریڈٹ کارڈز اور اے ٹی ایم کارڈز۔
- لوگوں اور تنظیموں کی ہنگامی رابطہ فہرست جن کو بلانے کی ضرورت پڑسکتی ہے: سکول، ڈاکٹر، خدمات فراہم کنندگان، اور انشورنس کے رابطہ افراد۔

مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں:

- اپنے گھر کو مناسب طریقے سے محفوظ کرنے کے لیے ضروری مواد، جیسے پلائی ووڈ، حاصل کریں اور ذخیرہ کریں۔
- کھلے اور رکاوٹ والے بارشی گٹروں اور ان کے نیچے پرنالوں کی مرمت کریں۔
- لان کے فرنیچر اور دیگر ڈھیلی، ہلکے وزن کی اشیاء جیسے کوڑے کے ڈبے اور باغیچے کے اوزار جو تیز ہواؤں میں اُڑ کر کسی کو لگنے والی چیز بن سکتے ہیں کو ڈھانپ کر رکھیں یا اندر رکھیں۔ درختوں اور جھاڑیوں کی سوک (سوکھی ہوئی لکڑی) کو بھی تراشیں۔
- طوفان آنے سے پہلے کوریج کی حد کا تعین کرنے کے لیے انشورنس پالیسیوں کا جائزہ لیں۔
- اس بات کا تعین کریں کہ ہنگامی حالت میں کشتیوں کو کہاں منتقل کرنا ہے۔
- NOAA موسمی ریڈیو پر قومی محکمۂ موسمیات کی نشریات اور مقامی ٹیلی ویژن اور ریڈیو سٹیشنوں کی رپورٹیں سن کر مقامی موسمی حالات سے آگاہ رہیں۔
- گھر میں بجلی، گرمی اور پانی کو بند کرنے کا طریقہ جانیں۔

###


مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں



ان سبسکرائب کریں